| نہی غائب مجہول استمراری | باید کہ نپرورده شده باشد | باید کہ نپرورده شده باشند | باید کہ نپرورده شده باشم | باید کہ نپرورده شده باشیم |
| ترجمہ | چاہیے کہ نہ پالا جاتا رہے وہ | چاہیے کہ نہ پالے جاتے رہیں وہ | چاہیے کہ نہ پالا جاتا رہوں میں | چاہیے کہ نہ پالے جاتے رہیں ہم |

اسم فاعل بنایا چاہو تو امر حاضر معروف کے آخر بقول بعضے فتح اور بقول بعضے کسرہ دیکے لفظ ندہ بنون ساکن
زیادہ کرو جیسے امر حاضر معروف تھا پرور اسم فاعل ہوا پرورندہ اور اوسکے ترجمے کیواسطے مصدر کے ترجمے کے آخر کا
الف یای مجہول سے بدل کرکے لفظ والا اوسکے بعد لاؤ جیسے پروردن مصدر کا ترجمہ ہے پالنا اسم فاعل کا ترجمہ
ہوا پالنے والا اور اگر اسم فاعل کی جمع بنایا چاہو تو آخر کی ہای مختفی کو کاف فارسی سے بدل کرکے الف اور
نون جمع کا بعد اوسکے زیادہ کرو اور اوسکے ترجمے کیواسطے واحد کے ترجمے کے آخر کا الف یای مجہول سے بدل کرو جیسے
پرورندہ پالنے والا پرورندگان پالنے والے اسم مفعول بنایا چاہو تو ماضی مطلق معروف کے آخر یا ماضی مطلق
مجہول کے آخر ہای مختفی زیادہ کرو دونوں طرح سے اسم مفعول کا صیغہ بن جائیگا اگر ماضی مطلق معروف سے بنایا ہے تو اوسکے ترجمے
کیواسطے ماضی مطلق کے ترجمے کے آخر لفظ ہوا لگاؤ اور اگر ماضی مطلق مجہول سے بنایا ہے تو اوسکا ترجمہ بعینہ ماضی مطلق
مجہول کا ترجمہ ہے لیکن ماضی کے معنی میں زمانے کا لحاظ ہے اسم مفعول کے معنی میں زمانے کا لحاظ نہیں اگر اسم مفعول کی
جمع بنایا چاہو تو آخر کی ہای مختفی کاف فارسی سے بدل کرکے الف اور نون جمع کا آخر کو زیادہ کرو اور جمع کے ترجمے کیواسطے
واحد کے ترجمے کے دونوں کلموں کے آخر جو الف ہے اوسکو یای مجہول سے بدل ڈالو جیسے پرورده پالا ہوا پروردگان پالے ہوئے
پرورده شده پالا گیا پرورده شدگان پالے گئے پوشیدہ نہ رہے کہ عربی میں فعل لازم کا اسم مفعول نہیں آتا مگر فارسی میں
لازم کا اسم مفعول ماضی مطلق معروف سے بنایا ہوا آتا ہے جیسے رفتہ گیا ہوا رفتگان گئے ہوئے اسم تفضیل صیغہ
اسم فاعل کا ہے کہ آخر اوسکے لفظ تر ہے اور ترجمہ اوسکا بھی جو اسم فاعل کا ہے کہ اوسکا پہلے لفظ زیادہ ہے جیسے پرورندہ تر
زیادہ پالنے والا اور اوسکی جمع کیواسطے آخر کو الف اور نون زیادہ کرتے ہیں جیسے پرورندہ تران زیادہ پالنے والے اسم ظرف صیغہ
مصدر کا ہے کہ آخر اوسکے گاہ بکاف فارسی زیادہ ہے اور گاہ کا ترجمہ وقت اور جگہ ہے جیسے پروردگاہ پالنے کی جگہ اور پالنے کا
وقت اسم حالیہ صیغہ امر کا ہے کہ اوسکے آخر الف اور نون ہے اور اوسکا ترجمہ بھی امر کا ترجمہ ہے کہ آخر اوسکے تا ہوا ہے جیسے پروران پالتا ہوا

## فصل فعل لازم او متعدی کے بیان میں

متعدی یاد رکھو کہ آوردن اور بردن اور بودن یہ تینوں مصدر اور ان تینوں کے افعال متعدی ہیں
اور سوا ان تینوں کے جس مصدر کے ماضی مطلق کے ترجمے میں لفظ نے آوے اوس مصدر کو اور اوسکے افعال کو متعدی جانو
جیسے زد زید را زید نے مارا پرورد عمرو را عمرو نے پالا پس زدن اور پروردن اور انکے افعال متعدی ہیں کہ انکے ماضی مطلق کے

ترجمے مین لفظ نے آیا اور جب مصدر کے ماضی مطلق کے ترجمہ مین لفظ نے نہ آوے یا دس مصدر کو اور اوسکے افعال کو لازم سمجھو جیسے رفت زید گیا زید خفت عمرو سویا عمرو پس رفتن اور خفتن لازم ہین کہ انکے ماضی مطلق کے ترجمے مین لفظ نے نہین آیا **فائدہ** فعل متعدی فاعل اور مفعول دونون کو چاہتا ہی کسواسطے کہ جبتک فعل متعدی کے فاعل اور مفعول نہون تو بات پوری نہین ہوتی جیسے زد زید عمرو را مارا زید نے عمرو کو زد فعل متعدی زید اوسکا فاعل ہے اور عمرو مفعول ہی فعل متعدی کے فاعل اور مفعول جو مذکور ہوئے تو بات پوری ہوئی اور فعل لازم فقط فاعل کو چاہتا ہے مفعول کو نہین چاہتا ہی کسواسطے کہ فعل لازم کے ساتھ جو فاعل اوسکا مذکور کرتے ہین تو بات پوری ہوجاتی ہی جیسے رفت زید گیا زید رفت فعل لازم زید اوسکا فاعل فعل لازم جو فاعل کے ساتھ ملا تو بات پوری ہوئی اگر مصدر لازم کو متعدی بنایا چاہو تو مصدر لازم کے امر حاضر معروف کے آخر نہ دیکھے الف اور نون غنہ یا الف اور نون اور یای معروف زیادہ کرکے دن علامت مصدر کی لگا دو مصدر متعدی ہوجائیگا اور اوسکے سب فعل متعدی ہونگے جیسے ترسیدن لازم مصدر تھا اور اوسکا امر حاضر معروف ترس اوسکے آخر الف اور نون غنہ اور لفظ دن زیادہ کیا ترساندن ہوا اگر الف اور نون کے بعد یای معروف بھی لائے تو ترسانیدن ہوا پس ترساندن اور ترسانیدن دونون مصدر متعدی ہین اگر اس مصدر متعدی کو اسیطرح سے پھر متعدی کرو ترسانانیدن متعدی المتعدی ہوگا اور متعدی مصدر کا ترجمہ اوسکے لازم مصدر کے امر کے ترجمے سے بنتا ہی اسطرح سے کہ آخر اوسکے الف اور لفظ نا کہ علامت مصدر کی ہے زیادہ کرو جیسے ترس کا ترجمہ ڈر تھا ترساندن اور ترسانیدن کا ترجمہ ڈرانا اور متعدی المتعدی کیواسطے الف کے بدلے واو مفتوح لگا دو جیسے ترسانانیدن کا ترجمہ ڈروانا ہوا اور اگر لازم امر کے آخر حرف علت کا ہو یعنی الف ہو یا واو ہو یا یای تحتانی ہو تو اوسکو لام یا واو مفتوح سے بدلا چاہیے جیسے سرایدن کا ترجمہ گا سرایانیدن کا ترجمہ گوانا کاف فارسی کے بعد الف واو سے بدل ہو شستن کا ترجمہ دھو شویاندن اور شویانیدن کا ترجمہ دھولانا دھو لام سے بدل ہوا اور دوختن اور دوزیدن کا ترجمہ سینا دوزاندن اور دوزانیدن کا ترجمہ سلانا یہان یای تحتانی لام سے بدل ہوئی ہندی زبان کے موافق ہے کہ دیکھے فارسی مین

## فصل معرفت فاعل فعل کے بیان مین

صیغہ واحد حاضر کا اور جمع حاضر کا اور واحد متکلم کا اور متکلم مع الغیر کا فعل کا فاعل ہر کسی کا فاعل انکے ساتھ ہی حاضر کے دونون صیغون کا فاعل مخاطب ہی جیسے کردی کیا تو نے کردید کیا تمنے لفظ تو ...

فاعل ہی اور متکلم کے دو نون صیغون کا فاعل بات کرنے والا ہی جیسے کردم کردیم کیا مینے کیا ہمنے لفظ
مین اور ہم فاعل ہی ان چارون صیغون کا تو فاعل معلوم ہوا غائب کے دو نون صیغون کا فاعل معلوم کیا چاہیے
ان دو نون صیغون مین سے جسکا فاعل معلوم کیا چاہو اوس صیغے کے ترجمے کے ساتھ لفظ کون یا کسنے ان دو نون
لفظون مین سے جونسا لفظ محاورہ ہندی مین ٹھیک ہوتا ہو ملاؤ جونسا لفظ عبارت مین اوسکا جواب
ہوسکے اوس لفظ کو فاعل اوس فعل کا جانو جیسے رفت زید گیا زید جب ہمنے کہا کون گیا یہی کہوگے کہ زید
پس زید فاعل ہی رفت کا اسیطرح سے زد زید مارا زیدنے جب ہمنے کہا کہ کسنے مارا یہی جواب دوگے
کہ زیدنے پس زید فاعل ہی زد کا از بسکہ فاعل کا ہونا ضرور ہی جہان کہین فاعل لفظ مین ظاہر نہو ضمیر واحد غائب
کی کہ ماضی کے صیغہ واحد غائب مین پوشیدہ ہی اور وہ لفظ او ہی کہ جسکا ترجمہ وہ یا اوسنے ہی وہی ضمیر
فاعل ہوگی صیغہ واحد غائب مین اور صیغہ جمع غائب مین ضمیر جمع غائب کی کہ لفظ اند ہی کہ ترجمہ اوسکا
وہ یا اونھون نے ہی اوسی ضمیر کو صیغہ جمع غائب کا فاعل کہینگے جیسے رفت گیا وہ لفظ وہ فاعل ہی
رفت کا اور جیسے رفتند گئے وہ لفظ وہ فاعل ہی رفتند کا واحد غائب کا فاعل حذف کرنا ہرگز درست نہین مگر
جمع غائب کا فاعل حذف کرنا درست ہی جیسے آوردہ اند کہ سپاہ دشمن بیقیاس بود یعنی لائے ہین خبر
لانے والے کہ سپاہ دشمن کی بیقیاس تھی آوردہ اند کا فاعل خبر لانے والے ہین عبارت سے محذوف اور
جیسے اختیار بدست من ندادہ اند یعنی اختیار میرے ہاتھ مین نہین دیا ہی قضا و قدر نے ندادہ اند کا فاعل
قضا و قدر ہی محذوف پوشیدہ نرہے ضمیر جسکی طرف پھرتی ہی اوسکو مرجع اوس ضمیر کا کہتے ہین
جیسے آمد زید و نشست یعنی آیا زید اور بیٹھا نشست مین ضمیر ہی کہ پھرتی ہی زید کی طرف زید مرجع
ہی اوس ضمیر کا اور سنو جسطرح فعل معروف کا فاعل پہچاننا معلوم کیا تمنے اوسیطرح سے فعل مجہول کا
مفعول مالم یسم فاعلہ کون کے لفظ کے ساتھ معلوم کرو جیسے کشتہ شد زید مارا گیا زید جب کہو گے
کون مارا گیا تو جواب یہی ہوگا کہ زید پس زید مفعول مالم یسم فاعلہ ہی کشتہ شد فعل مجہول کا اور یاد رکھو
کہ فاعل اسم ہوتا ہی فعل اور حرف نہین ہوتا بلکہ جو اسم کہ اوسکے اوپر حرف لگا ہو وہ اسم بھی فاعل نہین ہوتا
اور کبھی فاعل مرکب بھی ہوتا ہی جیسے رفت پدر زید فاعل رفت کا پدر زید ہی مرکب اسیطرح سے رفت غلام پدر زید

## فصل معرفت مفعول فعل کے بیان مین

اگر چاہو کہ فعل متعدی کا مفعول عبارت مین معلوم کرو تو اوس فعل کے ہندی ترجمے کے ساتھ لفظ کیا یا کسکو ان دونون لفظون مین سے جونسا لفظ موافق محاورۂ ہندی کے درست ہوتا ہو اوس لفظ کو ملاؤ جونسا کلمہ اوسکا جواب ہوسکے وہی کلمہ مفعول اوس فعل کا ہی جیسے خورد زید طعام کھایا زید نے طعام جب کہو گے کیا کھایا زید نے تو جواب اوسکا ہوگا طعام پس طعام مفعول ہی خورد کا اور زید فاعل ہی اور جیسے زد زید بکر را مارا زید نے بکر کو جب کہو گے کسکو مارا زید نے تو جواب یہی ہوگا بکر کو پس بکر مفعول ہی زد کا اور لفظ را نشان مفعول کا ہی اور زید فاعل ہی زد کا اور اس مفعول کو عربی مین مفعول بہ کہتے ہین کہ فعل اوسپر واقع ہوتا ہی جیسے اس مثال مین مار بکر پر واقع ہوئی اور لفظ را نشان مفعول کا کبھی لاتے ہین کبھی نہین لاتے اگر مفعول بہ انسان ہو تو اکثر لاتے ہین مثال اسکی آگے گذری اور بعضے فعلون کو دو مفعول ہوتے ہین پہلے مفعول کو مفعول بہ کہتے ہین دوسرے مفعول کو مفعول ثانی اور ثانی کے معنی دوسرا اون فعلون کے مصدر یہ ہین دانستن یافتن انگاشتن نگریستن دادن بخشیدن گردانیدن اور مرادف انکے اور کبھی کردن اور ساختن بھی گردانیدن کے معنی مین آتے ہین اوسوقت انکے بھی دو مفعول ہوتے ہین جیسے دانستم زید را دانا دانستم فعل با فاعل زید مفعول اول دانا مفعول ثانی اسیطرح جیسے انگاشتم زید را دانا اور گردانیدم زید را دانا اور ساختم زید را دانا اور کردم زید را دانا اور کبھی مفعول ثانی انکا نہین بھی ہوتا جیسے او را بخشیدم بخشیدم فعل با فاعل او مفعول اول را نشان مفعول کا یہ بھی یاد رہے کہ گفتن کے مشتقات کے بھی دو مفعول ہوتے ہین پہلا مفعول مفعول اول کہلاتا ہی اور دوسرے کو مقولہ کہتے ہین اور مقولہ اکثر جملہ ہوتا ہی یعنی پوری بات جیسے ع گفتمش در چشم بنشین گفت بنشینمش رقیب۔ کہا مینے اوسکو آنکھ مین بیٹھ کہا رقیب نے اوسکو نہ بیٹھنے دونگا گفتم فعل با فاعل ضمیر شین مفعول اول در چشم بنشین جملہ ہی مقولہ گفتم کا ایسیطرح گفت فعل رقیب اوسکا فاعل دوسرا شین مفعول اول گفت کا بنشینمش مقولہ ہی دوسرے گفت کا اور کبھی اسکا مفعول بہ محذوف بھی ہوتا ہی جیسے ع فلک گفت احسنت مہ گفت زہ۔ فلک فاعل ہی پہلے گفت کا اور مہ فاعل ہی دوسرے گفت کا احسنت مقولہ ہی پہلے گفت کا زہ مقولہ ہی دوسرے گفت کا اور کبھی مقولہ اسم مفرد بھی ہوتا ہی جیسے ثنا گفتم ثنا اسم مفرد ہی مقولہ گفتم کا اور کبھی مفعول بہ جملہ ہوتا ہی یعنی پوری بات جیسے

میخواہم تراہ بنیم میخواہم فعل یا فاعل ترا بہ بنیم پوری بات ہی مفعول میخواہم کا پوشیدہ نرہے کہ ترا بہ بنیم مصدر کے معنی مین ہی یعنی میخواہم دیدن تو مخفی نرہے کہ سوا ان مفعولون کے اور بھی مفعول ہین مفعول فیہ اور مفعول معہ اور مفعول لہ اور مفعول مطلق پیشتر عرض کر چکا ہون مین کہ فعل کرنا ایک کام کا ہی وہ کام جس مکان یا جس وقت مین کیا جائے اوس مکان کو اور اوس وقت کو مفعول فیہ کہتے ہین اور اوسی کو ظرف بھی کہتے ہین وقت کو ظرف زمان اور مکان کو ظرف مکان کہتے ہین اور مفعول فیہ کے اوپر در اور بر اور بای موحدہ بمعنی در اور بر کے اکثر لاتے ہین جیسے خفتم بر تخت و در شب اور جیسے رفتم بوقت شام بیا بتار بہ تخت اور بام بازار ظرف مکان ہین اور شب اور شام ظرف زمان ہین کبھی در اور بر اور بای موحدہ نہین بھی لاتے جیسے شب کجا بودی یعنی در شب کجا بودی اور وہ کام جس بات کیواسطے کیا جاوے اوس بات کو مفعول لہ کہتے ہین جیسے زدم زید را برای ادب مارا مینے زید کو واسطے ادب کے لفظ ادب مفعول لہ ہی اور جو اسم کہ اوسپر یا ہو اور مفعول کے بعد واقع ہو اوس اسم کو مفعول معہ کہتے ہین جیسے زدم زید را با عمرو مارا مینے زید کو ساتھ عمرو کے یعنی عمرو کو بھی مارا عمرو مفعول معہ ہی اور مفعول معہ شریک مفعول بہ کا ہوتا ہی مفعول مطلق مصدر اوس فعل کا ہی کہ جس فعل کا یہ مفعول مطلق ہی اکثر مفعول مطلق فعل کی تاکید کیواسطے آتا ہی اور اوسکے آخر یای معروف بھی زیادہ کرتے ہین جیسے زدم زید را زدنی یعنی مارا مینے زید کو جو مارنے کا حق ہے اور مفعول مطلق ایک وضع کے بیان کرنے کیواسطے بھی آتا ہی اوسکے آخر یای معروف نہین لاتے جیسے نشستم نشستن امیر بیٹھا مین بیٹھنا امیر کی یعنی امیر کے بیٹھنے کی وضع پر بیٹھا مین اور مفعول مطلق واسطے شمار کے بھی آتا ہی جیسے نشستم یک نشست بیان نشست بمعنی نشستن ہی یعنی بیٹھا مین ایک بیٹھک فائدہ ان مفعولون کے دریافت کرنے کو ہر ایک مفعول کے واسطے ایک ایک لفظ مقرر کیا ہی جب وہ لفظ فعل کے ترجمے کے ساتھ ملاؤگے جواب اوسکا وہی مفعول ہوگا چنانچہ ہر ایک مفعول کے نیچے وہ لفظ لکھا جاتا ہی اس جدول سے دریافت کرو جدول یہ ہی

| مفعول فیہ ظرف زمان | مفعول فیہ ظرف مکان | مفعول معہ | مفعول لہ | مفعول مطلق برای تاکید | مفعول مطلق برای وضع | مفعول مطلق برای عدد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کب | کہان | کسکے ساتھ | کسواسطے | کیسا | کسطرح | کی بار |

## فصل افعال ناقصہ کے بیان مین

افعال ناقصہ وہ فعل ہین کہ جنکا فاعل اور مفعول نہین ہوتا بلکہ اسم اور خبر کو چاہتے ہین لازم ہی کہ فاعل کے پہچاننے کے قاعدے سے اونکا اسم اور مفعول کے پہچاننے کے قاعدے سے اونکی خبر عبارت مین معلوم کرین اور اون فعلون کے مصدر یے ہین بودن اور شدن اور مرادف انکے گشتن اور گردیدن اور ہست اور نیست کو بھی افعال ناقصہ کہتے ہین جیسے بود زید دانا شد زید دانا گشت زید دانا گردید زید دانا ہست زید دانا نیست زید دانا یہ سب افعال ناقصہ ہین زید اونکا اسم اور دانا اونکی خبر ہی اور کبھی است بھی ہست کے معنی مین آتا ہی اسم اور خبر چاہتا ہی اور فعلون کیطرح ہست اور نیست کے بھی چھہ چھہ صیغے ہین ہست ہستند ہستی ہستید ہستم ہستیم نیست نیستند نیستی نیستید نیستم نیستیم

## فصل حال کے بیان مین

حال وہ اسم ہی کہ جس سے ہیئت فاعل کی یا مفعول کی معلوم ہو جیسے زدم زید را ایستادہ مارا مینے زید کو کھڑے ہونے زدم فعل با فاعل زید مفعول بہ ایستادہ حال ہی کہ اوس سے ہیئت فاعل کی معلوم ہوتی ہی کہ متکلم نے زید کو کھڑے ہونے کے حال مین مارا اور جیسے کشتم زید را تشنہ مار ڈالا مینے زید کو اوس حال مین کہ وہ زید پیاسا تھا کشتم فعل با فاعل زید مفعول تشنہ حال ہی کہ ہیئت مفعول کی اوس سے معلوم ہوتی ہی اور کبھی حال مرکب ہوتا ہی ایسا مرکب کہ جسکو پوری بات کہتے ہین جیسے زدم زید را و پدرش ایستادہ بود مارا مینے زید کو اوس حال مین کہ باپ اوسکا کھڑا تھا زدم فعل با فاعل زید مفعول اور اوسکا و پدرش ایستادہ بود جملہ ہی کہ حال واقع ہوا ہی اور اس جملے کے اوپر واو کو واو حالیہ کہتے ہین

## فصل ضمیرون کے بیان مین

ضمیر وہ اسم ہی کہ بنایا گیا ہی واسطے غائب کے یا حاضر کے یا متکلم کے وہ او پر دو قسم کے ہی متصل اور منفصل متصل وہ ہی کہ کسی کلمے سے پیوستہ ہو علحدہ کلمے سے نہو منفصل وہ ہی کہ بذات خود کلمہ علحدہ ہو اور کلمے کے ساتھہ ملنے کی اوسے احتیاج نہو ہر ایک ان دونون قسمون سے اور تین طرح کے ہی مرفوع اور منصوب اور مجرور مرفوع ضمیر فاعل کی ہی منصوب ضمیر مفعول کی ہی مجرور ضمیر مضاف الیہ کی ہی یہ سب قسم اور مثالین انکی اس جدول سے دریافت کرو اور یاد رکھو کہ ضمیر منصوب اور مجرور ہرگز فاعل واقع نہو گی

| نام اقسام ضمائر | واحد غائب | جمع غائب | واحد حاضر | جمع حاضر | واحد متکلم | جمع متکلم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مرفوع متصل | د در ماضی و سازد در مضارع | ند سازند | ی سازی | ید سازید | م سازم | یم سازیم |
| منصوب متصل | ش دہندش | شان دہندشان | ت دہند ت | تان دہندتان | م دہندم | مان دہندمان |
| مجرور متصل | ش غلامش | شان غلامشان | ت غلامت | تان غلامتان | م غلامم | مان غلام مان |
| مرفوع منفصل | او وی آن آمد او | اوشان آنان آنہا آمدند اوشان | تو آمدی تو | شما آمدید شما | من آمدم من | ما آمدیم ما |
| منصوب منفصل | اورا ویرا آنرا دیدند اورا | اوشانرا آنانرا آنہارا دیدند اوشانرا | ترا دیدند ترا | شمارا دیدند شمارا | مرا دیدند مرا | مارا دیدند مارا |
| مجرور منفصل | او وی آن غلام او | اوشان آنان آنہا غلام اوشان | تو غلام تو | شما غلام شما | من غلام من | ما غلام ما |

جس کلمے کے آخر ہای مختفی ہوا در ضمیر متصل اوس سے لگے اوس ضمیر کے اوپر الف زیادہ کرتے ہین کہ دو ساکن جمع نہون جیسے بندہ اند بندہ اید بندہ ام بندہ ایم اور بعد اسم کے ضمیر واحد غائب متصل کی جگہہ لفظ است لاتے ہین جیسے کہین زید بندۂ خدمت اور اس ست کے اوپر الف زیادہ کرتے ہین جسوقت ہای مختفی والے کلمے کے ساتھ ملاتے ہین کہتے ہین زید بندہ است جس کلمے کے آخر ہے نہو اوس کلمے کے بعد ست الف کے ساتھ لکھنا غلط ہی بغیر الف کے صحیح ہی جیسے طاعتش موجب قربت ست جو شخص قربت ست مین الف لکھتے ہین خطا کرتے ہین

## باب دوم ترکیب اور مرکبات کے بیان مین

ترکیب کے معنی کیا ہین دو کلمون کو آپسمین ملانا اور مرکب دو دو کلمے ہین کہ آپسمین ملے ہون پس مرکب دو قسم ہی قسم اول مرکب وہ مرکب ہی کہ پوری بات ہوا و سننے والے کو اوس سے پورا فائدہ حاصل ہوا و سکو عربی مین کلام تام کہتے ہین جیسے زید آمد اور جیسے بکر نیکست قسم دوم مرکب وہ مرکب ہی کہ پوری بات نہوا ور سننے والے کو اوس سے پورا فائدہ حاصل نہوا و سکو عربی مین کلام ناقص کہتے ہین جیسے غلام زید اور جیسے مرد نیک

بیان قسم اول مرکب کلام تام ست کلام تام بھی اور دو قسم کے ہی ایک قسم کا نام جملۂ فعلیہ ہی دوسری قسم کا نام جملۂ اسمیہ

## فصل جملۂ فعلیہ کے بیان مین

جملۂ فعلیہ وہ مرکب ہی کہ فعل اور اسم سے ملکے بات پوری ہو اگر اوسمین لازم فعل ہی تو وہ فعل صرف فاعل کے ساتھ ملکے جملۂ فعلیہ ہو جائیگا جیسے رفت زید رفت فعل زید اوسکا فاعل ہی فعل ساتھ فاعل کے ملکے جملۂ فعلیہ ہوا اگر متعدی فعل ہی تو وہ فعل فاعل اور مفعول کے ساتھ ملکے جملۂ فعلیہ ہوگا جیسے زد زید عمرو را یعنی زید نے عمرو کو زد فعل زید اوسکا فاعل عمرو را اوسکا مفعول را علامت مفعول کی فعل متعدی ساتھ فاعل کے مفعول کے ملکے جملۂ فعلیہ ہوا اگر جملۂ فعلیہ مین فعل ماضی یا مضارع یا حال یا مستقبل ہو اوسکو جملۂ فعلیہ خبریہ کہتے ہین اگر جملے مین فعل امر یا فعل نہی ہو اوسکو جملۂ فعلیہ انشائیہ کہتے ہین جیسے بیا اور مییا دونون فعل با فاعل جملۂ فعلیہ انشائیہ ہین اور جیسے بزن زید را مار زید کو بزن فعل با فاعل زید مفعول اوسکا فعل با فاعل ساتھ مفعول کے ملکے جملۂ فعلیہ انشائیہ ہوا اور افعال ناقصہ اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکے اور گفتن کے مشتقات اپنے فاعل اور مفعول و مقولہ کے ساتھ ملکے جملہ ہوتے ہین جیسے بود زید دانا تھا زید دانا بود افعال ناقصہ سے ہی جاہتا ہی اسم اور خبر کو زید اوسکا اسم اور دانا اوسکی خبر بود اپنے اسم اور خبر کے ساتھ ملکے جملۂ فعلیہ ہوا بعضے اوسکو جملۂ اسمیہ کہتے ہین اور جیسے گفتمش در چشم بنشین گفتم فعل با فاعل ش مفعول یہ در چشم بنشین جملۂ فعلیہ مقولہ ہی گفتم کا گفتم فعل با فاعل مفعول اور مقولہ کے ملکے جملۂ فعلیہ ہوا جو جملہ مقولہ ہوتا ہی کبھی اوسپر کاف بھی لاتے ہین جیسے مصرع گفتم کہ گلی بچینم از باغ اس کاف کو کاف سر جملہ کہو یا کاف بیانیہ کہو کہ یہ جملہ بیان ہی این محذوف کا یعنی گفتم این کہ گلی بچینم از باغ کہی مینے یہ بات کہ ایک پھول چنون مین باغ سے مخفی نرہے فارسی مین فاعل فعل کے اوپر اکثر مقدم آتا ہی جیسے زید رفت اور عربی مین فاعل فعل کے اوپر مقدم نہین ہوتا عربی مین زید رفت کی ترکیب یون کہتے ہین زید مبتدا رفت فعل اوسمین ضمیر ہی جو پھرتی ہی زید کی طرف وہ فاعل ہی رفت کا فعل ساتھ فاعل کے ملکے جملۂ فعلیہ ہوکے خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اور خبر ملکے جملۂ اسمیہ ہوا مخفی نرہے جہان قرینہ پایا جاتا ہو وہان جملۂ فعلیہ سے فعل حذف کیا جاتا ہی جیسے کوئی کہے کہ آمد کون آیا اسکے جواب مین کہین زید یعنی آمد زید یہان آمد محذوف ہی اور کہین تمام جملہ محذوف ہوتا ہی جیسے آغاز مکنم

فارسی مین فاعل فعل کے اوپر اکثر مقدم ہوتا ہی جیسے زید رفت اور عربی مین اسکا عکس ہی یعنی فاعل فعل کے اوپر مقدم نہین ہوتا ہی عربی مین زید رفت کی ترکیب فارسی کا ۱۲

این کتاب را جملہ ہی محذوف مصرع بنامِ جہاندار جان آفرین ۔ کے اوپر سے منادی کے اوپر سے بھی فعل اور فاعل محذوف ہوتا ہی عربی مین جسکو بولاتے ہین اوسکو منادی کہتے ہین جیسے ای زید مقصود اس سے یہ ہی کہ میخوانم زید را یعنی بولاتا ہون مین زید کو ای حرف ندا کا زید منادی حرف ندا کا منادی کے ساتھ ملکے قائم مقام جملۂ فعلیہ کے ہی کسواسطے کہ معنی فعل کے اسمین پائے جاتے ہین اور یہ جملہ بغیر دوسرے جملے کے تمام نہین ہوتا اوس دوسرے جملے کو جواب ندا کا کہتے ہین جیسے ای کریم کرم کن ترکیب اسکی یون کیجاتی ہی ای حرف ندا کا کریم منادی حرف ندا کا منادی سے ملکے قائم مقام جملۂ فعلیہ کے ہوا کن فعل با فاعل کرم اوسکا مفعول فعل با فاعل ساتھ مفعول کے ملکے جملۂ فعلیہ ہوکے جواب ندا کا ہوا ندا ساتھ جواب کے ملکے جملۂ ندائیہ ہوا اور اسیطرح سے کبھی فعل اور فاعل قسم کے اوپر سے محذوف ہوتے ہین جیسے بخدای کریم یعنی قسم میخورم بخدای کریم قسم کھاتا ہون مین ساتھ خدائے کریم کے یہ جملہ بھی بغیر دوسرے جملے کے تمام نہین ہوتا ہی اوس دوسرے جملے کو جواب قسم کا کہتے ہین جیسے مصرع بنام ایزد عجب ارزان خریدم ۔ یعنی قسم میخورم بنام ایزد عجب ارزان خریدم یوسف را قول زلیخا کا ہی قسم کھاتی ہون مین خدا کے نام کی عجب سستا خرید اینے یوسف کو قسم میخورم جملہ ہی محذوف بنام ایزد متعلق ہی فعل محذوف کے خریدم فعل با فاعل یوسف اوسکا مفعول محذوف عجب ارزان حال ہی مفعول محذوف کا فعل با فاعل ساتھ مفعول محذوف کے ملکے جملۂ فعلیہ ہوکے جواب ہوا قسم کا قسم ساتھ جواب کے ملکے جملۂ قسمیہ ہوا اور کبھی حرف ندا کا بھی محذوف ہوتا ہی جیسے مصرع بیا جامی رہا کن شرمساری ۔ یعنی بیا ای جامی رہا کن شرمساری اور کبھی منادی بھی محذوف ہوتا ہی جیسے مصرع ای بذاتِ تو مزین مسندِ پیغمبری ۔ یعنی ای آنکہ بذات تو مزین ہست مسند پیغمبری لفظ آن منادی ہی محذوف اور اسیطرح سے جملۂ دعائیہ سے بھی فعل محذوف ہوتا ہی جیسے چشم بد دور یعنی چشم بد دور باد نظر بری دور رہو جیو چشم بد اسم ہی باد کا باد مخفف ہی بواد کا اور بواد اصل مین بود صیغہ مضارع کا ہی فعال قاعدے سے الف دعا کا جب وسمین آیا تو بواد ہوا سو یہان سے محذوف ہی دور باد کی خبر ہی باد فعل مضارع محذوف ساتھ اسم اور خبر کے ملکے جملۂ فعلیہ ہوا اور کبھی سوال کے قرینے سے فعل اور فاعل جواب سے حذف کرتے ہین اور مفعول کو مذکور کرتے ہین جیسے کوئی پوچھے زید کرا زد جواب مین کہین عمرو را یعنی زد زید عمرو را زد فعل

زید فاعل دونون جواب سے محذوف ہین عمرو مفعول مذکور ہی را علامت مفعول کی فعل محذوف ساتھ فاعل محذوف اور مفعول مذکور کے ملکے جملۂ فعلیہ ہوا جملۂ شرطیہ بھی دو جملون سے تمام ہوتا ہی پہلے جملے کو فعل شرط کہتے ہین دوسرے جملے کو جزا شرط کی جیسے اگر رفتی جان بسلامت بردی واگر خفتی مردی یعنی اگر گیا تو جان سلامت لے گیا تو اور اگر سویا تو موا تو ترکیب اسکی یہہ ہی اگر حرف شرط کا رفتی فعل با فاعل جملۂ فعلیہ ہی فعل شرط بردی فعل با فاعل جان اوسکا مفعول با بسلامت متعلق فعل کے فعل با فاعل ساتھ مفعول اور متعلق کے ملکے جزا ہوئی شرط کی شرط ساتھ جزا کے ملکے جملۂ شرطیہ ہوا اسیطرح سے ترکیب اگر خفتی مردی کی کہو اور کبھی جزا شرط کی محذوف ہوتی ہی جیسے غنیمت کے کلام مین بیت مرا خود عرصۂ اندیشہ تنگ ست تا اگر با قضا یارای جنگ ست ہ اگر حرف شرط کا ترا با قضا یارای جنگ ست جملہ ہی فعل شرط اور جزا اوسکی بجنگ محذوف ہی یعنی تجھکو اگر قضا کے ساتھ طاقت لڑائی کی ہی تو لڑ پوشیدہ نرہے کہ جملۂ شرطیہ مین ایک حرف شرط کے حرفونمین سے ہوتا ہی حروف شرط کے یہ ہین اگر گر اور ار اور چون اور چو اور سوا وقتیکہ اور روزیکہ اور ہنگامیکہ اور امثال انکے جب جملے مین آتے ہین اوس جملے مین شرط کے معنی پائے جاتے ہین

## فصل جملۂ اسمیہ کے بیان مین

جملۂ اسمیہ وہ ہی کہ دو اسم ملکے پوری بات ہو اور سننے والے کو پورا فائدہ حاصل ہو اور بات کی ابتدا اسم سے ہو کہ دوسرا اسم اوس پہلے اسم کے احوال سے خبر دینے والا ہو ابتدا والے اسم کو مبتدا کہتے ہین اور دوسرے اسم کو خبر کہتے ہین مبتدا ساتھ خبر کے ملکے جملۂ اسمیہ ہوتا ہی اور جملۂ اسمیہ مین ایک حرف ربط کا لفظ مین یا معنی مین ہوتا ہی جیسے زید نیک ست و عمرو بد زید نیک ہی اور عمرو بد زید مبتدا اور نیک خبر ہی کہ زید کے احوال سے خبر دیتا ہی کہ وہ نیک ہی اور است حرف ربط کا ہی مبتدا ساتھ خبر کے ملکے جملۂ اسمیہ ہوا اور اسیطرح عمرو مبتدا ہی اور بد خبر ہی اور است حرف ربط کا اس قرینے سے کہ پہلے جملے مین ہی اس جملے سے محذوف ہوا لیکن معنی مین ملحوظ ہی یہ مبتدا بھی خبر کے ساتھ ملکے جملۂ اسمیہ ہوا زیادہ واضح کرتا ہون مین کہ مضمون جملۂ اسمیہ کا یہ ہی کہ شخص یا چیز کہ شخص کو یا چیز کو مبتدا جانو اور یہ کہ مقام پر جو کلمہ ہو اوسکو خبر سمجھو اوس سے بھی زیادہ مدد دینی کرتا ہون کہ مبتدا کے ساتھ لفظ کیا ہی ملا دین جو لفظ جواب اوسکا ہو سکے اوسکو خبر سمجھین اور خبر کے ساتھ لفظ کون ہی ملا

اوسکا جواب جو لفظ ہو سکے اوسکو مبتدا جانو جیسے زید نیک ست مین جب کہو گے زید کیا ہی جواب یہی ہوگا کہ نیک معلوم ہوا کہ لفظ نیک خبر ہی اور جب کہو گے کہ نیک کون ہی تو جواب اوسکا ہوگا زید جان لو کہ زید مبتدا ہی یاد رکھو کہ حرف نہ مبتدا ہوتا ہی نہ خبر اور فعل بھی مبتدا نہین ہوتا مگر جملہ ہو کے خبر ہوتا ہی سو جملہ اسم کی جگہ گنا جاتا ہی اس واسطے اسم ہی مبتدا ہوتا ہی اور اسم ہی خبر ہوتا ہی اور جس وقت جملہ خبر ہووے تو جملے مین ضرور ہی ایک ضمیر کہ مبتدا کی طرف پھرے جیسے زید پدرش نیک ست ترکیب اسکی یون کہنا چاہیے زید پہلا مبتدا پدر دوسرا مبتدا مضاف شین کی ضمیر کہ پھرتی ہی پہلے مبتدا کی طرف مضاف الیہ ہی نیک خبر اوسکی ست حرف ربط دوسرا مبتدا خبر اپنے ساتھ ملکے جملہ اسمیہ ہو کے خبر ہوا پہلے مبتدا کا پہلا مبتدا خبر کے ساتھ ملکے جملہ اسمیہ ہوا پوشیدہ نرہے کہ مبتدا اور خبر مین مطابقت ضرور ہی اور مبتدا ان چھ قسم سے باہر نہین واحد غائب ہی یا جمع غائب یا واحد حاضر یا جمع حاضر یا واحد متکلم یا متکلم مع الغیر اور ضمیر مرفوع متصل کہ اسم کے ساتھ لگتی ہی اوسکے بھی چھ کلمے ہین است اور اند اور ای اور اید اور ام اور ایم ضرور ہی کہ موافق مبتدا کے حال کے ایک کلمہ ان کلمون مین سے خبر کے آخر یا مبتدا کے آخر لگا دین جس لفظ کے ساتھ لگا دین اگر اوسکے آخر ہاے مختفی ہو تو ضمیر کا کلمہ الف کے ساتھ پڑھا چاہیے اور اگر ہاے مختفی اوسکے آخر نہو تو کلمہ ضمیر کا بغیر الف کے لکھا پڑھا چاہیے چھون قسم کے مبتدا اور ہر ایک مبتدا کی دو دو خبرین ایک وہ کہ جسکے آخر ہای مختفی نہو دوسری وہ کہ جسکے آخر ہای مختفی ہو اور علامتون کے کلمے فارسی جملہ اسمیہ کے اور ہندی جملہ اسمیہ کے اس جدول سے معلوم کرو جدول یہ ہی

| نام اقسام مبتدا | مبتدا خبر بکلمہ کہ آخرش ہای مختفی نیست | مبتدا خبر بکلمہ کہ آخرش ہای مختفی ہست | علامت جملہ فارسی | علامت جملہ ہندی |
|---|---|---|---|---|
| واحد غائب | خدا کریم ست | خدا بخشندہ است | است | ہی |
| جمع غائب | جوانان خرمند / خرم اند | جوانان سادہ اند | اند | ہین |
| واحد حاضر | تو سروری | تو پسندیدہ | ای | ہی |
| جمع حاضر | شما سرورید | شما پسندیدہ اید | اید | ہو |
| واحد متکلم | من گنہگارم | من بندہ ام | ام | ہون |
| متکلم مع الغیر | ما گنہگاریم | ما بندہ ایم | ایم | ہین |

جملۂ معترضہ وہ جملہ ہی کہ ایک جملے کے درمیان واقع ہو جیسے یار من چشم بد دور خوبست یار مبتدا خوب است
خبر مبتدا او خبر ملکے جملۂ اسمیہ ہو چشم بد دور جملۂ معترضہ ہی کہ اوس جملے کے بیچ مین واقع ہوا ہی اگر قرینہ دلالت کے
تو مبتدا کو حذف بھی کرتے ہین جیسے کوئی کہے دزد دزد یعنی این ست دزد این مبتدا محذوف ست علامت
جملۂ اسمیہ کی دزد خبر یا کوئی پوچھے کہ رستم پسر کیست اوسکے جواب مین کہو پسر زال ست یعنی رستم پسر زال ست
رستم مبتدا محذوف پسر زال خبر اور ست علامت جملۂ اسمیہ کی اسی طرح سے خبر بھی محذوف ہوتی ہی جیسے
زید در خانہ ست یعنی زید در خانہ موجود ست زید گھر مین موجود ہی زید مبتدا موجود خبر محذوف در خانہ متعلق
خبر کے جملۂ بیانیہ وہ جملہ ہی کہ کسی اسم کا بیان پڑے اس جملے پر کاف بیانیہ بھی آتا ہی اور یہ جملہ جس اسم کا
بیان پڑتا ہی اوس اسم کو مبین کہتے ہین اگر جملۂ بیانیہ مبین کی ذات کا بیان ہی تو اوس جملے سے مبتدا
کا حذف کرنا اولی ہی جیسے مصرع کجا رفت یاری کہ جان من ست * یعنی کجا رفت یاری کہ او جان منست
ترکیب اسکی یون کہا چاہیے جان من خبر مبتدا محذوف کی مبتدا محذوف لفظ او ہی مبتدا خبر کے ساتھ
ملکے جملۂ اسمیہ ہوکے بیان پڑا یار کا یار ساتھ بیان کے ملکے فاعل ہوا رفت کا رفت فعل ساتھ فاعل کے
ملکے جملۂ فعلیہ ہوا اگر جملۂ بیانیہ مبین کی ذات کا بیان نہو بلکہ مبین کے متعلق کا بیان ہو تو اوس
مقام مین مبتدا کو حذف نہین کرتے بلکہ اس جملے مین ایک ضمیر لاتے ہین کہ پھرتی ہی مبین کی طرف جیسے
رفیق من سواریست کہ اسپش کمیت ست اسپ مبتدا مضاف ضمیر شین کی کہ پھرتی ہی سوار کی طرف
مضاف الیہ کمیت خبر ست علامت جملۂ اسمیہ کی مبتدا خبر کے ساتھ ملکے بیان ہوا سوار کا سوار مبین
اپنے بیان کے ساتھ ملکے خبر ہوئی رفیق من کی رفیق من مبتدا ساتھ خبر کے ملکے جملۂ اسمیہ ہوا اس جملے
مین اسپ کا بیان ہی کہ متعلق ہی سوار سے سوار کی ذات کا بیان نہین اور جملۂ بیانیہ جملۂ اسمیہ بھی ہوتا ہی
اور جملۂ فعلیہ بھی ہوتا ہی جیسے مصرع شنیدم کہ شاپور دم درکشید * کشید فعل در اوسیر زائد شاپور
فاعل دم مفعول فعل ساتھ فاعل اور مفعول کے ملکے جملۂ فعلیہ ہوکے بیان ہوا این محذوف کا یعنی شنیدم
این کہ شاپور دم درکشید سنی مینے یہ بات کہ شاپور نے دم کھینچا یعنی خاموش رہا دوسرا قسم مرکب کا کہ
پوری بات نہو اور سننے والے کو اوس سے پورا فائدہ حاصل نہو یہ مرکب کئی نوع پر ہی ہر ایک کے بیان کی ایک فصل ہی

## فصل مرکب اضافی کے بیان مین

مرکب اضافی وہ ہی کہ جسمین اضافت پائی جائے اضافت کیا ہی نسبت کرنا ایک اسم کا دوسرے اسم کی طرف نسبت لگانیکو کہتے ہین جس اسم کو لگاتے ہین دوسرے اسم کے ساتھ اوس اسم کو مضاف کہتے ہین اور جس اسم کی طرف نسبت کرتے ہین اوسکو مضاف الیہ کہتے ہین اور فائدہ اضافت کا یہ ہی کہ مضاف عام سے خاص ہو جاتا ہی جیسے غلام زید غلام زید کا غلام کا لفظ عام تھا ہر ایک غلام کو غلام کہہ سکتے تھے جب اوس غلام کے لفظ کو زید کی طرف نسبت کیا اور کہا غلام زید یعنی غلام زید کا وہ غلام کا لفظ خاص ہو گیا زید ہی کے غلام کو غلام زید کہینگے اور کسیکے غلام کو نہ کہینگے اور فارسی کی ترکیب مین مضاف کے آخر کسرہ علامت اضافت کی ہی جیسے غلام زید مین غلام کے میم کا کسرہ اور حذف کرنا اس کسرے کا درست نہین مگر بعض الفاظ مین اُستادون نے روا رکھا ہی جیسے لفظ صاحب اور لفظ سر ان دونون لفظون پر کسرہ نہ پڑھنا فصیح ہی جیسے صاحبدل اور سرخیل پوشیدہ نہ رہے جس کلمے کے آخر ہای مختفی ہو اور اوس کلمے کو مضاف کرین تو متقدمین اوسکے آخر سے کسرے کا حذف کرنا مضایقہ نہین جانتے تھے مگر متاخرین اوسکو غیر فصیح سمجھتے ہین یاد رکھو کہ ہندی مین علامتین اضافت کی نو ہین باعتبار تینون قسم مضاف کے اور تینون قسم مضاف الیہ کے تین قسم مضاف کی یہ ہین واحد مذکر اور جمع مذکر اور مونث اسیطرح مضاف الیہ ضمیر مخاطب یا متکلم ہو جیسے من اور ما اور تو اور شما یا مضاف الیہ لفظ خود ہو یا خود کا مرادف ہو جیسے لفظ خویش اور تای فوقانی کہ خود کے معنی مین ہو یا مضاف الیہ کوئی اور لفظ سوا ان دونون قسمون کے ہو اس تقریر سے ہر ایک قسم مضاف کا باعتبار تین قسم ہونے مضاف الیہ کے تین قسم ہوگا پس مضاف کی تینون قسمون سے نو قسمین ہو گئین ہر ایک قسم کی ایک ایک علامت ہندی مین مقرر ہی ان لفظون سے یعنی را اور رے بیای مجہول اور ری بیای معروف اور نا اور نے بیای مجہول اور نی بیای معروف اور کا اور کے بیای مجہول اور کی بیای معروف سب قسمین مضاف کی اور مضاف الیہ کی اور علامتین اضافت کی جو ہندی مین ہین اور مثالین ہر قسم کی اس جدول سے واضح ہونگی جدول یہ ہی

| اقسام مضاف | من ما تو شما | خود خویش و مرادف خود | سوائے من ما تو شما خود خویش و مرادفش |
| --- | --- | --- | --- |
| واحد مذکر | غلام من غلام تو<br>غلام میرا غلام تیرا | غلام خود غلام خویش<br>غلام اپنا نا | غلام زید<br>غلام زید کا کا |
| جمع مذکر | غلامان من غلامان تو<br>غلام میرے غلام تیرے | غلامان خود غلامان خویش<br>غلام اپنے ے | غلامان زید<br>غلام زید کے کے |
| مؤنث | کتاب من کتاب تو<br>کتاب میری کتاب تیری ی | کتاب خود کتاب خویش<br>کتاب اپنی ی | کتاب زید<br>کتاب زید کی ی |

کسرہ آخر مضاف کے اگرچہ علامت اضافت کی ہی لیکن کئی مقام مین نہ پڑھا چاہیے اون مقامون مین سے ایک مقام اضافت مقلوب کا ہی اضافت مقلوب اوسے کہتے ہین کہ مضاف الیہ مضاف کے اوپر مقدم ہو جیسے جہان شاہ لفظ شاہ مضاف ہی مؤخر اور لفظ جہان مضاف الیہ ہی مقدم اور معنی جہان شاہ اور شاہ جہان کے ایک ہین دوسرا مقام وہ ہی کہ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ ہو جیسے غلامش اور غلامت اور غلامم اس مقام مین آخر مضاف کے فتحہ پڑھنا واجب ہی جیسے غلام کا میم تینون جگہ مفتوح ہی اور غلام مضاف ہی شین اور تای فوقانی اور میم تینون ضمیرین مجرور مضاف الیہ ہین تیسرا مقام وہ کہ آخر مضاف الیہ کے لفظ را علامت اضافت کی ہو خواہ مضاف الیہ متصل مضاف کے ہو خواہ فاصلے سے ہو خواہ آگے ہو خواہ پیچھے ہو جیسے غلام زید را اور زید را غلام اور زید را نیستم غلام اور تو غلام ہستی زید را ان سب مثالون مین غلام مضاف ہی اور زید مضاف الیہ ہی اور لفظ را علامت اضافت کی ہی پوشیدہ نرہے کہ اضافت کی علامتین ہندی مین سب بیان ہوگئین جب کہ تم فارسی عبارت کا ترجمہ ہندی مین کروگے جس لفظ کے ترجمے کے ساتھ اون نو علامتون مین سے کوئی علامت ہو تبھی شبہہ جان لو کہ یہ مضاف الیہ ہی جیسے غلام زید ترجمہ اسکا غلام زید کا لفظ کا اضافت کی علامتون مین سے آخر زید کے پایا معلوم ہوا کہ زید مضاف الیہ ہی جب مضاف الیہ کو معلوم کر لیا مضاف کے

معلوم کرنے کیواسطے مضاف الیہ کے ترجمے کے ساتھہ جو علامت اضافت کی ہندی مین ہی ملاکے لفظ
کیا بکاف تازی اوسپر زیادہ کرو جو لفظ اوسکا جواب اوس عبارت مین ہوسکے وہی اوس مضاف الیہ کا
مضاف ہی خواہ مضاف الیہ کے متصل ہو خواہ فاصلے سے ہو خواہ آگے ہو خواہ پیچھے ہو جہان کہین ہوگا
معلوم ہوجائیگا جیسے غلام زید مین معلوم کیا تھا کہ زید مضاف الیہ ہی جب ہمنے علامت اضافت کی اوسکے ساتھہ ملائی
اور لفظ کیا بکاف تازی مکسور زیادہ کیا یعنی کہا کیا زید کا تو بیشک جواب اوسکا غلام ہی معلوم ہوا غلام مضاف ہی
اسیطرح سے مال خود ترجمہ اسکا مال اپنا لفظ نا اضافت کی علامت ہمین ہی خود کے ترجمے کے ساتھہ پایا معلوم ہوا کہ
لفظ خود مضاف الیہ ہی جب خود کے ترجمے کے ساتھہ وہی لفظ نا ملاکے لفظ کیا بکاف تازی مکسور زیادہ کیا یعنے
کہا کیا اپنا تو جواب اوسکا لفظ مال ہوگا پس مال کو مضاف جانو اور مانند اس مصرع کے ع برانگیختم خاطر از شام و روم
اوٹھائی ہیری خاطر شام و روم سے برانگیختم کے آخر جو میم ہی اوسکا ترجمہ ہوا میری بیای معروف در آخر پس بسبب
لفظ ری کے کہ علامت اضافت کی ہی معلوم کیا کہ وہ میم مضاف الیہ ہی جب ہمنے کیا میری کہا تو جواب اوسکا ہوا
خاطر معلوم ہوا کہ لفظ خاطر مضاف ہی اگرچہ مضاف الیہ کے بعد واقع ہو یاد رکھو کہ ضمیر مجرور متصل جو مضاف الیہ
ہو ضرور نہین کہ مضاف سے لگی ہوئی ہو اگر مضاف سے آگے یا پیچھے یا فاصلے سے اور کسی کلمے کے ساتھہ لگی ہوئی
ہو کچھہ مضایقہ نہین استادون کے کلام مین بیشتر واقع ہی پوشیدہ نرہے کہ اقسام اضافت کے معنی کی
راہ سے بہت ہین اونہین سے کئی قسم اضافت کی کہ دریافت کرنا اونکا ضروری ہی بیان کرتا ہون ہین انکے
قسم یاد رکھو ذکر اقسام **اضافت** اضافت باعتبار معنی کے کئی قسم ہی اضافت تخصیصی ہی اور تملیکی ہی
اور توضیحی ہی اور تبیینی ہی اور تشبیہی ہی اور ابنی ہی اور ظرفی ہی اب ہر ایک کا بیان سنو اور خوب یاد رکھو اضافت
**تخصیصی** وہ ہی کہ مضاف خاص کیا جاوے واسطے مضاف الیہ کے جیسے یار من یعنی یار خاص میرا
سردار من یعنی سردار خاص میرا **اضافت تملیکی** وہ ہی کہ مملوک کو مالک کی طرف مضاف کرین جیسے
قصر شاہ مال بادشاہ اسپ امیر باغ وزیر لفظ قصر مملوک ہی اور مضاف ہی اور شاہ مالک ہی اور مضاف الیہ
ہی اسی طرح سے مال بادشاہ اور اسپ امیر اور باغ وزیر **اضافت توضیحی** وہ ہی کہ مضاف کو
مضاف الیہ واضح کردے جیسے شہر بریلی لفظ شہر سے توضیح حاصل نہ تھی بریلی کے کہنے سے واضح ہوا

کہ اوس شہر کا ذکر ہی کہ جسکا نام بریلی ہی اسیطرح سے دریاے گنگ اور کتاب گلستان اور باد شمال اور درخت انار اور سنگ مقناطیس علی ہذا القیاس اضافت تبیینی کہ جسکو بیانی کہتے ہین وہ ہی کہ مضاف الیہ بیان مضاف کا ہو جیسے سیخ آہن معلوم نتھا کہ سیخ کا ہے کی ہی مضاف الیہ کے بیان کرنے سے معلوم ہوا کہ آہن کی ہی اسیطرح سے انگشتری طلا اور طشت نقرہ اور تخت چوب اضافت بیانی مین مضاف و مضاف الیہ ایک جنس سے ہوتے ہین جیسے سیخ اور آہن ایک جنس ہین اضافت تشبیہی کا دریافت کرنا موقوف ہی اوپر دریافت کرنے تشبیہ کے تشبیہ کیا ہی ایک چیز کو دوسری چیز کے مانند کرنا یعنی یہ کہنا کہ یہ چیز فلانی چیز جیسی ہی جیسے کہین یہ آنکھ نرگس جیسی ہی جسکو تشبیہ دیتے ہین اوسکو مشبہ ساتھ بای موحدہ مفتوحہ کے کہتے ہین جیسے آنکھ کا لفظ پچھلی مثال مین اور مشبہ کو جس چیز کے ساتھ تشبیہ دیتے ہین اوسکو مشبہ بہ کہتے ہین جیسے نرگس کا لفظ اوس مثال مین پوشیدہ نہ رہے کہ اضافت تشبیہی مشبہ بہ کا مضاف کرنا ہی مشبہ کی طرف جیسے نرگس چشم نرگس مشبہ بہ ہی اور مضاف اور چشم مشبہ ہی اور مضاف الیہ اور معنی اسکے یہ کہ آنکھ مانند نرگس کے ہی اسیطرح سے مار زلف یعنی زلف کہ سانپ جیسی ہی اور اسیطرح سے چاہ غبغب اور سیب زنخ اور لعل لب یعنی غبغب مانند چاہ کے اور زنخ مانند سیب کے اور لب مانند لعل کے اضافت ابنی وہ ہی کہ بیٹے کے نام کو باپ کے نام کی طرف مضاف کرین اور عربی مین ابن اور بن بیٹے کو کہتے ہین جیسے عباس علی یعنی عباس ابن علی اور خالد ولید یعنی خالد بن ولید اضافت ظرفی اضافت مظروف کی ہی ظرف کی طرف ظرف دو قسم ہی ظرف مکان اور ظرف زمان پیشتر اسکا بیان ہو چکا ہی مظروف وہ سے کہتے ہین جو ظرف مکان مین یا ظرف زمان مین واقع ہو جیسے آب دریا آب مظروف مضاف دریا ظرف مکان مضاف الیہ اسیطرح ساکن شہر اور جیسے سردی زمستان لفظ سردی مظروف مضاف زمستان ظرف زمان مضاف الیہ اسیطرح گرمی تابستان اگر مضاف اور مضاف الیہ مین کچھ لگاؤ حقیقت مین ہو جیسے اضافت تملیکی مین لگاؤ ملکیت کا اور اضافت تخصیصی مین لگاؤ خصوصیت کا اور اضافت توضیحی مین لگاؤ توضیح کا اور اضافت بیانی مین لگاؤ تبیین کا اور اضافت تشبیہی مین لگاؤ تشبیہ کا اور اضافت ابنی مین لگاؤ ابنیت کا اور اضافت ظرفی مین لگاؤ ظرفیت کا تو اسکو

اضافت حقیقی کہتے ہین اگر مضاف اور مضاف الیہ مین کچھ لگاو حقیقت مین نہو جیسے سر ہوش یا پای فکر یعنی سر ہوش کا یا نوّن فکر کا شاعر نے اپنے خیال مین ہوش اور فکر کو ایک شخص صاحب سر اور صاحب قدم قرار دیا ہی اور سر کو ہوش کیطرف اور قدم کو فکر کی طرف مضاف کیا ہی حقیقت مین سر کو ہوش کے ساتھ اور قدم کو فکر کے ساتھ کچھ لگاو نہین اس اضافت کو مجازی کہتے ہین اور اسی کو استعارہ بھی کہتے ہین اقسام استعارہ کے اور تشبیہ کے بہت ہین اس مختصر مین اونکے بیان کی گنجایش نہین صرف نام تشبیہ کا اور استعارے کا لکھدیا ہی فائدہ اگر مضاف کے اوپر ایک مضاف اور ہوا ونکے ہندی ترجمے مین اور ایک علامت اضافت کی موافق اوپر والے مضاف کی پہلی علامت کے بعد زیادہ کرین لیکن جہان کہین پہلی علامت کے آخر الف ہو وہ الف یای مجہول سے بدلا چاہیے جیسے برادر زید اور برادر من اور برادر خود ترجمہ انکا بھائی زید کا اور بھائی میرا اور بھائی اپنا ان سب کے آخر الف ہی جب انپر ایک مضاف اور ہو جیسے غلام برادر زید غلام برادر من غلام برادر خود ترجمہ انکا یون ہوگا غلام بھائی زید کے کا غلام بھائی میرے کا غلام بھائی اپنے کا پوشیدہ نرہے کہ مضاف اور مضاف الیہ ترکیب مین حکم ایک کلمے کا رکھتے ہین

## فصل مرکب وصفی کے بیان مین

وہ ہی کہ جسمین ایک اسم موصوف ہو اور دوسرا اسم اوسکی صفت ہو موصوف وہ ہی کہ جسکی بھلی یا بری صفت کیجاوے اور صفت وہ ہی کہ جس سے بھلائی یا برائی موصوف کی دریافت ہو پوشیدہ نرہے فارسی مین مضاف اور مضاف الیہ کے پڑھنے مین اور موصوف اور صفت کے پڑھنے مین کچھ فرق نہین وہان مضاف کے آخر کسرہ پڑھتے ہین یہان موصوف کے آخر جیسے مرد دانا لفظ مرد موصوف کسرہ مرد کی دال کا علامت موصوف کی اور لفظ دانا صفت ہے اوس موصوف کی او رکہتے ہین متقدمین موصوف کے آخر یای مجہول لکھا کرتے تھے کہ ترکیب وصفی اور ترکیب اضافی مین فرق ہو متاخرین نے اوسکو موقوف کیا لیکن بعض بعض کتاب فارسی کی چار سو پانچ سو برس کی لکھی ہوئی دیکھنے مین آئی اوس مین آخر موصوف کے یای مجہول نظر نہ آئی معلوم ہوا کہ آخر موصوف کے یای مجہول لکھنا درست نہین ترکیب وصفی کے پہچاننے کیواسطے

لازم ہی کہ اگر موصوف واحد مذکر ہو تو لفظ کیسا اور اگر جمع مذکر ہو تو لفظ کیسے بیای مجہول در آخر
اور اگر مونث ہو تو کیسی بیای معروف در آخر موصوف کے ساتھ ملاؤ صفت کا کلمہ اوسکا جواب ہوگا
جیسے مرد دانا جب کہوگے کیسا مرد جواب اوسکا دانا ہوگا تو دریافت ہوا کہ یہ ترکیب وصفی ہی اور لفظ
دانا صفت ہی اگر جواب درست نہ پڑتا تو جانتے ترکیب اضافی ہی مخفی نرہے اکثر صفت مین وہ اسم
واقع ہوتا ہی کہ لغت بنانے والے نے اوسکو صفت کے معنی کے واسطے بنایا ہی جیسے اسم فاعل
اور اسم مفعول اور وہ اسم جسکے ہندی ترجمے مین لفظ والا آسکے جیسے نیک اور بد ترجمہ اوسکا نیکی والا
اور بدی والا اور مرد نویسندہ مین مرد موصوف نویسندہ صفت اوسکی ایسا ہی جیسے بخت برگشتہ اور مرد نیک
اور مرد بد اور کبھی اسم جنس بھی صفت واقع ہوتا ہی وہان بیشتر معنی تشبیہ کے ہوتے ہین جیسے لب لعل
لب موصوف لعل نام ایک جنس کا ہی جواہر کی جنسون مین سے معنی اسکے لب کہ مانند لعل کے سرخ اور
شفاف ہی حقیقت مین لب موصوف اور مشبہ ہی لعل صفت اور مشبہ بہ ہی پوشیدہ نرہے کہ موصوف
صفت کے اوپر اکثر مقدم ہوتا ہی جیسے مذکور ہوا اور کبھی صفت کو موصوف کے اوپر لاتے ہین اوس حالت مین
کسرہ موصوف کے آخر پڑھا نہین جاتا اس ترکیب مین معنی کے واسطے یہ دیکھنا ضرور ہی کہ موصوف کسی اور
ذات سے تعلق رکھتا ہی یا نہین رکھتا بذات خود قائم ہی اگر تعلق کسی اور ذات سے نہین رکھتا بذات خود
قائم ہی ترکیب کے اولٹنے مین معنی نہین بدلینگے جیسے مرد نیک اور نیک مرد مین مرد موصوف ہی بذات خود
قائم اور نیک صفت ہی معنی دونون کے ایک ہین اگر موصوف بذات خود قائم نہین بلکہ تعلق اور کسی ذات سے
رکھتا ہی اوس وقت یہ موصوف اور صفت اوس ذات کی صفت بنینگے کہ جس سے یہ موصوف تعلق رکھتا ہی
جیسے روی خوب رو موصوف اور خوب اوسکی صفت جب ہمنے صفت کو موصوف کے اوپر مقدم کیا
اور کہا خوب رو یہ لفظ خوب رو صفت اوسکی ہوا کہ جس سے رو تعلق رکھتا ہی یعنی خوبرو وہ شخص ہی کہ جسکا
رو خوب ہی اور جیسے لعل لب کہ لام آخر کا لعل کے مکسور نہین اوسکو کہینگے کہ جسکا لب مانند لعل کے ہی اور
خوشخو وہ شخص ہی کہ جسکی خو خوش ہی اور نیک نیت وہ شخص ہی کہ جسکی نیت نیک ہی سرو قد وہ شخص ہی کہ
جسکا قد سرو جیسا ہی آہو چشم وہ ہی کہ جسکی چشم آہو جیسی ہی یہ ترکیب فارسی مین بیشتر بخیال رکھنا چاہیے

مخفی نرہے کہ صفت کئی طرحسے آتی ہی ایک تو یہ کہ صفت مفرد ہو جیسے مرد دانا مرد موصوف دانا مفرد ہاگر اور صفت ہی دوسرا یہ کہ صفت مرکب ہو مرکب کے کئی نوع ہین ایکیہ مرکب بترکیب اضافی ہو جیسے مرد دانای زمان مرد موصوف دانا مضاف اور زمان مضاف الیہ دونون ملکے صفت ہوئی موصوف کی اور جیسے یار دلفریب یعنی یار فریبندۂ دل فریب بمعنی فریبندہ مضاف دل مضاف الیہ دونون ملکے صفت ہوئی موصوف کی دوسرے یہ کہ صفت مرکب وصفی اولٹا ہوا ہو جیسے یار خوشخو یار موصوف خوشخو مرکب وصفی اولٹا ہوا کہ جسکا ذکر ہوچکا ہی صفت ہی یار کی اسطرح سے یار خوش تقریر تیسرے یہ کہ صفت اولٹا ہوا جملہ اسمیہ بیانیہ ہو وہ اسطرحسے ہی کہ جملۂ اسمیہ بیانیہ تلین سے کاف بیانیہ سر جملہ اور ضمیر کہ پھرتی ہی موصوف کی طرف یعنی لفظ او اور لفظ است کہ علامت جملہ اسمیہ کی ہی یہ تینون کلمے حذف کرکے مبتدا اور خبر کو مقلوب کرین یعنی ورن خبر کو مقدم کرین اور مبتدا کو موخر جیسے شہید تبسم دیت عشوہ خون بہا تبسم دیت جملہ اسمیہ بیانیہ اولٹا ہوا صفت ہی شہید کی اسطرحسے عشوۂ خون بہا بھی اصل اسکی یہ ہی شہید یکہ دیت او تبسم ست و خون بہاے او عشوہ ست جب کاف بیانیہ سر جملہ اور ضمیر او اور لفظ است حذف کرکے مبتدا اور خبر کو اولٹ دیا شہید تبسم دیت عشوۂ خونبہا ہوگیا یاد رکھو کہ صفت اور موصوف کے بیچ مین اور کوئی کلمہ فاصل نہین ہوتا اس مثال مین کہ زید مرد بیست نیک لفظ نیک کو عطف بیان یا بدل کہا چاہیے مردے کے لفظ سے بدل کا اور عطف بیان کا مذکور اگلی فصل مین آویگا یا مردے کو مبین کہو اور نیک لفظ مفرد اوسکا بیان یا اصل اسکی یہ کہو زید مرد بیست کہ او نیک است موافق فارسی کے قاعدے کے جملۂ بیانیہ مین سے لفظ او کہ مبتدا تھا حذف کیا بعد اوسکے کاف بیانیہ اور لفظ است بھی دور کیا زید مرد بیست نیک رہگیا ترکیب یون کہو زید مبتدا مردے مبین اور نیک بیان اوسکا مبین اور بیان ملکے خبر ہوا مبتدا اور خبر ملکے جملۂ اسمیہ ہوا اور لفظ است نشان ہی جملۂ اسمیہ کا

## فصل بدل اور مبدل منہ کے بیان مین

مبدل منہ وہ اسم ہی کہ اوسکے بعد ایک اسم اوسکا بدل واقع ہوا اور معنی مین جو مقصود مبدل منہ سے ہی وہی بدل سے مقصود ہی اور ترکیب مین بدل اور مبدل منہ ملکے حکم ایک کلمے کا رکھتے ہین جیسے آمد زید برادر تو زید مبدل منہ برادر تو بدل ہی اور بدل او مبدل کو ملا کے فاعل سمجھو آمد کا اور جیسے شاہ عباس

شاہ مبدل منہ اور عباس بدل اور آخر مبدل منہ کے کسرہ نہ پڑھنا چاہیے شاہ عباس مین شاہ کی ہے کو مکسور پڑھنا غلط ہی بدل مبدل منہ مین اور صفت موصوف مین بھی فرق ہی مبدل منہ کا آخر مکسور نہین پڑھتے موصوف کا پڑھتے ہین بعضے بدل کو عطف بیان کہتے ہین اور بعضے بدل مین اور عطف بیان مین فرق کرتے ہین کہ بدل اور مبدل منہ مین مقصود مبدل منہ نہین صرف بدل سے مقصود ہی اور عطف بیان مین دونون مقصود ہوتے ہین جیسے امام من علی اسد اللہ ست اسد اللہ عطف بیان ہی علی کا اور مقصود علی کے لفظ سے بھی ہی اور اسد اللہ کے لفظ سے بھی یعنی امام میرا وہ علی ہی کہ جسکا خطاب اسد اللہ ہی

## فصل مستثنی اور مستثنی منہ کے بیان مین

مستثنی وہ اسم ہی کہ بعد لفظ استثنا کے واقع ہو فارسی مین استثنا کا لفظ مگر اور جز ہی اور عربی مین الا ہی کہ فارسی مین بھی مستعمل ہی استثنا کے معنی الگ کرنا ایک چیز کا کئی چیزون مین سے یا الگ کرنا ایک شخص کا مجمع سے جو چیز یا جو شخص الگ کیا گیا ہو اوسے مستثنی کہتے ہین اور جس مین سے مستثنی کو الگ کرتے ہین اوسکو مستثنی منہ کہتے ہین مستثنی اور مستثنی منہ ملکے حکم ایک کلمے کا رکھتے ہین جیسے آمدند ہمہ دوستان مگر زید ترجمہ آئے سب دوست مگر زید یعنی زید نہین آیا اور جیسے زدم ہمہ دشمنان را مگر زید را ترجمہ مارا مینے سب دشمنون کو مگر زید کو یعنی زید کو نہین مارا زید پہلی مثال مین سب دوستون سے الگ ہوگیا کہ سب آئے وہ نہین آیا اور دوسری مثال مین سب دشمنون سے الگ ہوا کہ سب کو مارا اوسکو نہین مارا ترکیب اسکی یہ ہی آمدند فعل مگر لفظ استثنا زید مستثنی اور ہمہ دوستان مستثنی منہ پس مستثنی اور مستثنی منہ ملکے مجموع فاعل ہوا آمدند کا پس فعل فاعل کے ساتھ ملکے جملہ فعلیہ ہوا دوسری مثال کی ترکیب یہ ہی زدم فعل با فاعل مگر لفظ استثنا کا زید مستثنی اور دشمنان مستثنی منہ پس مستثنی اور مستثنی منہ ملکے مجموع مفعول ہوا فعل کا فعل با فاعل مفعول کے ساتھ ملکے جملہ فعلیہ ہوا اور جیسے آمد قوم جز زید یہان قوم مستثنی منہ اور زید مستثنی ہی اور کبھی مستثنی منہ محذوف بھی ہوتا ہی جیسے نیامد بمن جز زید یعنی نیامد بمن جز زید ترجمہ نہ آیا کوئی میرے پاس سوا زید کے لفظ زید مستثنی اور کسی مستثنی منہ محذوف ہی اور جیسے نزدم جز زید یعنی نزدم کسی را جز زید ترجمہ نہ مارا مینے کسیکو سوا زید کے کسی مستثنی منہ محذوف ہی اور زید مستثنی

## فصل اسمای اشارت کے بیان مین

اسمای اشارت وہ اسم ہین کہ بنا کیا ہی اونکو اسواسطے کہ انسان اون اسمون کے ساتھہ مشار الیہ محسوس کیطرف اشارت ساتھہ اعضا کے کرے محسوس وہ ہی جو دیکھا بھالا جاوے یا سنا جاوے اور مشار الیہ وہ ہی کہ جسکی طرف اشارہ کرین چنانچہ لفظ آن کہ واسطے دور کی اشارت کے ہی جیسے آنکس آن اسم اشارت اور کس مشار الیہ اور لفظ این واسطے نزدیک کی اشارت کے ہی جیسے این مرد این اسم اشارت مرد مشار الیہ پوشیدہ نرہے کہ ضمیر غائب مین اور اسم اشارت اول مین یہ فرق ہی کہ ضمیر غائب کی اشارت طرف محسوس کے اور ساتھہ اعضا کے نہین بلکہ اشارت طرف معنی کے ہی وہ معنی کہ پیشتر مذکور ہو چکے ہین اور اسم اشارت کی اشارت بخلاف اسکے ہی جیسا کہ معلوم کیا تمنے مخفی نرہے کہ اسم اشارت اور مشار الیہ ملکے حکم ایک کلمے کا رکھتے ہین جیسے بزن این مرد را ترکیب اسکی بزن فعل یا فاعل این اسم اشارت مرد مشار الیہ اسم اشارت ساتھہ مشار الیہ کے ملکے مفعول ہوا اور لفظ را علامت مفعول کی ہی فعل یا فاعل مفعول کے ساتھہ ملکے جملہ فعلیہ ہوا اور چنان اور چنین اصل مین چون آن اور چون این ہی چون کلمہ تشبیہ کا آن اور این اسماے اشارت ہین اکثر بعد چنان اور چنین کے جملہ بیانیہ ہوتا ہی

## فصل جار اور مجرور کے بیان مین

جار عربی مین وہ حرف ہین کہ جس اسم پر آتے ہین اوس اسم کو جر دیتے ہین جر کہتے ہین زیر کو زیر یا یای تحتانی اور جار کے معنی زیر دینے والا اور جس اسم کو زیر دیتے ہین اوسکو مجرور کہتے ہین اون حرفون کے فارسی ترجمے کو بھی جار کہتے ہین وہ حرف فارسی مین یہ ہین ۱ برای ۲ بہر ۳ ز یعنی برای ان تینون حرفون پر لفظ از بھی زائد آتا ہی جیسے از برای خدا اور از بہر من اور ازپی تو ہم جز اس حرف پر کبھی بای موحدہ بھی زائد ہوتی ہی جیسے بجز تو ۵ چو اور چون کہ تشبیہ کے معنی مین ہو ۶ بای موحدہ ۷ در اور اندر ۸ بر ۹ از ۱۰ تا ۱۱ با ۱۲ را وہ را کہ برای کے معنی مین آئے اور جار مجرور متعلق رکھتے ہین فعل سے یا فعل کے شبہ سے فعل کا شبہ مصدر ہی اور اسم فاعل اور اسم مفعول اور صفت ہی صفت وہ اسم ہی کہ معنے مین کسی شخص کے یا کسی چیز کے کہے جیسے نیک اور بد اور خوب اور زشت ہونا اور مانند انکے مثال جار اور مجرور کی پیش آمدم برای تو ترکیب اسکی یہ ہی آمدم فعل یا فاعل برای جار او تو مجرور جار او مجرور متعلق فعل کے فعل یا فاعل

ساتھ متعلق کے ملکے جملہ فعلیہ ہوا اسیطرح سے ندیدم جز تو اور کاری دارم جز تو اور رفتم در بازار اور نشستم بر تخت
اور رفتم از بریلی تا دہلی اور خدا را برمن مسکین ببخشا ترکیب اسکی یہ ہی ببخشا فعل با فاعل را جار لفظ خدا مجرور اور بر جار
من موصوف مسکین صفت صفت او موصوف ملکے مجرور ہوئے جار کے جار او مجرور متعلق ہوئے فعل کے فعل
با فاعل ساتھ مفعول او متعلق کے ملکے جملہ فعلیہ ہوا اور زید نویسندہ است بقلم ترکیب اسکی یہ ہی زید مبتدا نویسندہ
خبر است نشان جملہ اسمیہ کا بای موحدہ جار قلم مجرور جار مجرور متعلق نویسندہ کے کہ شبہ فعل کا ہی مبتدا او خبر ملکے جملہ اسمیہ
ہوا یاد رکھو کہ جار او مجرور ملکے حکم حرف کا رکھتے ہین فاعل او مفعول او مضاف الیہ او مبتدا او خبر نہین ہو سکتے
پوشیدہ نرہے جس عبارت مین جار او مجرور ہون فعل او شبہ فعل کا نہو وہان فعل کو یا فعل کے شبہ کو
پیدا کرتے ہین جیسے مصرع بنام جہاندار جان آفرین ۔ اسمین جار مجرور ہین فعل او شبہ فعل کا نہین یہان مصرع
ابتدا میکنم مقدر رکھتے ہین او جار او مجرور کو اوسکے متعلق کہتے ہین اور جیسے زید درخانہ است یہان لفظ ثابت
کہ اسم فاعل عربی کا ہی پیدا کرتے ہین اصل اوسکی یون ہی زید درخانہ ثابت است ترکیب اسکی یہ ہی زید مبتدا
او در جار خانہ مجرور است نشان جملہ اسمیہ کا جار او مجرور متعلق ثابت کے ہوکے خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا ساتھ
خبر کے ملکے جملہ اسمیہ ہوا فائدہ کبھی چو اور چون بمعنی مثل کے مضاف ہوتے ہین او ترکیب مین مانند کے حکم
مبتدا او خبر او فاعل او مفعول ہوتے ہین جیسے زید چون شیر ست یعنی زید مانند شیر ست زید مبتدا چون بمعنی
مانند مضاف شیر مضاف الیہ دونون ملکے خبر ہوئی مخفی نرہے جار او مجرور جسکے متعلق ہوتے ہین اوسکے
او جار او مجرور کے معنی آپس مین مربوط ہوتے ہین اگر مربوط نہون تو جانو کہ جار او مجرور اوسکے متعلق
نہین اس صورت مین اور کوئی فعل یا شبہ فعل کا پیدا کرے اوسکے متعلق کرو کہ وہ معنی مین مربوط ہو

## فصل موصول او صلہ کے بیان مین

موصول وہ اسم ہی ناتمام کہ جب تک اوسکے بعد ایک جملہ مذکور نہو اس قابل نہین کہ مبتدا ہو یا خبر ہو یا فاعل یا
مفعول او مضاف الیہ ہو اوس جملے کا نام ہی صلہ موصول کا اور جملے کے شروع پر کاف مثل کاف بیانیہ کے یا لفظ جو
ہوتا ہی کا اوسکو کاف صلہ یا کاف ربط جملہ کہتے ہین اسمای موصول یہ ہین آنکہ آنانکہ ہر آنکہ ہر کہ یہ چارون کلمے واسطے شخص عاقل
کے ہین انچہ ہر انچہ ہر چہ یہ تینون کلمے جیم فارسی والے واسطے اشیا کے ہین او دریای مجہول کہ آخر

کسی اسم نکرہ کے ہو اور اوسکے بعد کاف صلے کا ہو جیسے کسیکہ کسانیکہ شخصی کہ امریکہ چیزیکہ اوس اسم کو بھی موصول جانو اور جس اسم نکرہ کے اوپر لفظ آن ہو اور بعد اوس اسم کے کاف صلہ کا ہو وہ بھی موصول ہی جیسے ع آنکس کہ مرا بکشت باز آمد بیش ہ اور صلے مین ایک ضمیر بھی ہوتی ہی کہ موصول کیطرف پھرتی ہی پوشیدہ نہ رہے آن جو موصول کا ہی اوسکے اور یای موصول کے معنی ایک ہین اور آنانکہ واسطے جمع کے لاتے ہین مثالین سب کی بیان کرتا ہون اور ایک مثال کی ترکیب بیت آنکہ در آدم دمیدہ روح را ہ داد از طوفان نجات نوح را ہ ترکیب اسکی یہ ہی آن موصول کاف صلے کا دمیدہ فعل ماضی قریب ضمیر اسمین کہ پھرتی ہی موصول کی طرف فاعل ہی فعل کا روح مفعول لفظ را علامت مفعول کی در جار آدم مجرور متعلق فعل کے فعل ساتھہ فاعل اور مفعول و متعلق کے ملکے جملہ فعلیہ ہوکے صلہ ہوا موصول کا موصول ساتھہ صلے کے ملکے مبتدا ہوا دوسرا مصرع جملہ ہوکے خبر ہوا مبتدا ساتھہ خبر کے ملکے جملہ اسمیہ ہوا اسیطرح ترکیب ان مثال کے بیتون کی سمجھو

## ابیات

| | | | |
|---|---|---|---|
| دماغ بیہودہ پخت خیال باطل بست | آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند | آیا بود کہ گوشۂ چشمی بما کنند | ہر آنکہ تخم بدی کشت چشم نیکی داشت |
| نیست سعدی بجز زبان کردن | ہر کہ آمد عمارتی نو ساخت | رفت منزل بدیگری پرداخت | آنچہ او گفت غیر آن کردن |
| مانا کہ دلش بسوخت بر کشتۂ خویش | ہر آنچہ کہ می بایدت پیش گیر | سر ما نداری سر خویش گیر | آنکس کہ مرا بکشت باز آید پیش |
| برفتند و بسیار سرگشتہ اند | کسی کآتش ظلم زد در جہان | بر آورد از اہل عالم فغان | کسانیکہ زین راہ برگشتہ اند |
| | غریبیکہ پر فتنہ باشد سرش | میازار و بیرون کن از کشورش | پوشیدہ نہ رہا ہے |

کبھی موصول کو حذف بھی کرتے ہین چنانچہ بعد حرف ندا کے جیسے ایکہ اصل مین تھا ای آنکہ آن کو حذف کیا جیسے خمسہ ایکہ در ذات خویش منفردی بصفات کمال متحدی بس فرو رفتہ ام بچاہ بدی یا حبیب الآنقذ بیدی ما العجزی سواک مستندی اور ہر کہ مخفف ہر آنکہ کا ہی اور ہر چہ مخفف ہر آنچہ کا مخفی نہ رہے کہ صلے مین ضمیر کبھی فاعل واقع ہوتی ہی اور کبھی مفعول کبھی مضاف الیہ کبھی مبتدا ان سب مین ضمیر فاعل کی محذوف نہین ہوتی اکثر اور ضمیرون کو حذف کرکے موصول کو اوسکے قائم مقام رکھتے ہین اگر ضمیر مفعول کے ساتھہ لفظ را نشان مفعول کا ہو تو وہ لفظ را بھی موصول کے ساتھہ لگا دیتے ہین ضمیر فاعل کی مثال پہلی بیتون مین گذری مثال ضمیر صلہ کہ مبتدا و محذوف است آنکہ ستمگار ست

